پریس اطلاعات بیورو
(وزیر اعلیٰ اطلاعات کیمپس)
محکمہ اطلاعات ورابطہ عامہ اترپردیش

وزیر اعلیٰ نے کلین انڈیا مشن کے تحت لکھنؤ کے بالواڈّہ میں ازخود جھاڑو لگا کر صفائی مہم کی باقائدہ شروعات کی

موسم باراں کے آغاز سے قبل نالے رنالیوں کی سلٹ صفائی کا کام پورا کرالیا جائے

صفائی کو اختیار کرنا اور صاف-صفائی میں تعاون دینا ہر شہری کی سماجی ذمہ داری: وزیر اعلیٰ

مرکزی حکومت کے کلین انڈیا مشن کو کامیاب بنانے کیلئے ریاستی حکومت پرعہد

سبھی کی حصّہ داری سے کلین انڈیا مشن کو اترپردیش میں کامیاب بنایا جائے گا

لکھنؤ:۶رمئی ۲۰۱۷ء

اترپردیش کے وزیر اعلیٰ جناب یوگی آدتیہ ناتھ نے کلین انڈیا مشن کے تحت آج یہاں بالواڈّہ میں ازخود جھاڑو لگا کر صفائی مہم کی باقائدہ شروعات کی۔ انہوں نے کہا کہ صفائی کو اختیار کرنا، اس کی حوصلہ افزائی کرنا اور صاف صفائی میں تعاون دینا ہر شہری کی سماجی ذمہ داری ہے۔ مرکزی حکومت کی کلین انڈیا مشن کو عوامی تحریک بنا کر کامیاب بنانے کیلئے موجودہ ریاستی حکومت پابند عہد ہے۔ سبھی کی ذمہ داری سے ہم کلین انڈیا مشن کو اترپردیش میں کامیاب بنائیں گے۔

اس موقع پر جناب یوگی آدتیہ ناتھ نے بالواڈّہ واقع اجتماعی اجابت گھر کا معائنہ بھی کیا اور صاف صفائی پر خصوصی توجہ دینے کی ہدایت دی۔ انہوں نے علاقہ کی صفائی بندوبست کا بھی جائزہ لیا۔

وزیر اعلیٰ نے حکومت ہند کے ذریعہ جاری صفائی مہم کے ملک گیر سروے میں لکھنؤ کا مقام کافی نیچے ہونے پر عدم اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ ریاست کی راجدھانی ہونے کے ناتے لکھنؤ کو صاف بنانے کیلئے ایسی خصوصی کوشش کرنے کی ضرورت ہے تاکہ یہ شہر دیگر شہروں کیلئے ایک مثال بن سکے۔ انہوں نے کارگزار میئر جناب سریش اوستھی سے یہ توقع کی کہ ہر وارڈ میں عوام کو صفائی مہم سے وابستہ کیا جائے۔ لوگوں میں اس بات کیلئے بھی بیداری پیدا کی جائے کہ وہ سڑکوں پر کوڑا وغیرہ نہ پھینکیں۔

جناب یوگی آدتیہ ناتھ نے نگر نگم کے افسران کو ہدایت دی کہ کوڑا ڈسپوزل میں لاپروائی نہ برتی جائے اور کوڑا بندوبست (ویسٹ منیجمنٹ) کو بہتر بنایا جائے۔ موسم باراں کے آغاز سے قبل نالے اور نالیوں کی

سلٹ صفائی کا کام پورا کرالیا جائے تاکہ بارش ہونے پر پانی بھرنے کی صورتحال پیدا نہ ہو۔

وزیراعلیٰ نے یہ بھی کہا کہ صفائی ہماری زندگی کیلئے نہایت اہم ہے۔ صفائی سے جہاں ماحول اچھا ہوتا ہے وہیں عوامی صحت پر بھی اس کا موافق اثر پڑتا ہے۔ صفائی پر توجہ دیکر مختلف بیماریوں سے بچا جاسکتا ہے۔

اس موقع پر وزیر شہری ترقیات جناب سریش کھنّہ اور دیگر عوامی نمائندوں سمیت حکومت اور انتظامیہ کے سینئر افسران موجود تھے۔

☆☆☆☆☆☆